28/4/25
C.O
ADC(Pub)


QUAID-I-AZAM MOHAMMAD ALI JINNAH

DAWN

Saturday
April 26, 2025
Shawwal 27, 1446
LAHORE
Rs 35.00
18 Pages
Vol. LXXIX No. 114
Regd. No. CPL-199
www.dawn.com

# Second phase of Dhee Rani Programme launched

By Our Correspondent



SAHIWAL: The second phase of Punjab Dhee Rani Programme was launched in the Sahiwal division with a mass wedding ceremony of 80 couples in a private marquee.

Punjab Minister for Social Welfare and Baitul Maal Sohail Shoukat Butt, along with local PML-N parliamentarians, attended the ceremony and gave Rs222,000 Salami (wedding gift) to the newlyweds. Out of total, 50 couples were selected from district Sahiwal and 30 from district Pakapttan.

Speaking on the occasion, the minister said an online portal would be launched from July and all deserving families would apply through the portal. He added that Dhee Rani Programme, initiated by Chief Minister Maryam Nawaz, had now started across Punjab and it was landmark achievement of social welfare initiative.

He emphasized that earlier mass weddings was done by private philanthropists but never such a large-scale mass wedding programme had never been organised by a public department before.

He said the programme would benefitting not only the Muslim families but also the couples from other religious communities.

Malik Qasim, Pir Walayat Shah Khagga, Rana Riaz, Motia Khalid, PML-N provincial assembly members and divisional and district heads were also present.

28/4/25
C.O
AD(Pub)

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدالباقی کاکڑ

جلد: 15 | ہفتہ 27 شوال المکرم 1446ھ 26 اپریل 2025ء 12 بیساکھ 2082 ب صفحات: 10 قیمت 30 روپے | شمارہ: 37

# دھی رانی' پروگرام کا دوسرا مرحلہ، ساہیوال، پاکپتن کے 80 جوڑوں کی شادی

## پروگرام وزیر اعلیٰ کے دل کے بہت قریب، پروگرام شروع کر کے کبھی ختم نہ ہونے والی دعائیں لے رہی ہیں: سہیل شوکت بٹ

## جولائی میں دھی رانی کے تیسرے فیز کیلئے آن لائن پورٹل کا آغاز کر دیا جائے گا: صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال

## نوبیاہتا جوڑوں کو مبارکباد، 2 لاکھ 22 ہزار روپے سلامی، صوبائی وزیر نے تقریب کا اختتام ''شکریہ مریم نواز'' کے الفاظ سے کیا

ساہیوال (چودھری اشرف سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے پروگرام ''دھی رانی'' کے دوسرے مرحلے میں ساہیوال اور پاکپتن کے 80 جوڑوں کی شادی کی پروقار تقریب ہوئی، صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ نے نوبیاہتا جوڑوں کو شادی کی مبارکباد اور 2 لاکھ 22 ہزار روپے سلامی دی، ممبر صوبائی اسمبلی ملک قاسم ندیم، پیر ولایت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)



... کے تحت ساہیوال میں اجتماعی شادیوں کی تقریب میں نوبیاہتا جوڑوں کا صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ و دیگر کیساتھ گروپ فوٹو جبکہ دوسری طرف سہیل شوکت بٹ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بقیہ | مشرق | 11

شاد کھگہ، رانا ریاض احمد، پاکپتن سے ایم پی اے مونیا مسعود، سابق ایم این اے چودھری اشرف، کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ساہیوال نیاز احمد مغل، اے ڈی سی جنرل پاکپتن شگفتہ جبیں، اے سی ساہیوال رانا اور تقریب، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال عباس سمیت محکمہ سوشل ویلفیئر کے دیگر افسران بھی موجود تھے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے پروگرام پنجاب ''دھی رانی'' کے سیکنڈ فیز کے تحت رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے والوں میں ضلع ساہیوال کے 50 اور ضلع پاکپتن کے 30 جوڑے شامل تھے، شادی کی تقریب میں ہر جوڑے کے 20 رشتہ دار بھی شریک ہوئے، صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ نے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ مریم نواز کی طرف سے نئے جوڑوں، والدین کو مبارکباد دی، سہیل شوکت بٹ نے کہا دھی رانی پروگرام وزیر اعلیٰ پنجاب کے دل کے بہت قریب ہے اور یہ پروگرام شروع کر کے کبھی ختم نہ ہونے والی دعائیں لے رہی ہیں، وزیر اعلیٰ نے ریاست کے تمام وسائل عام آدمی کیلئے وقف کر دیئے ہیں اور ثابت کیا ریاست کی کوئی بیٹی لاوارث نہیں، ایسے والدین جو دن رات محنت مشقت کرتے ہیں اور پریشان رہتے ہیں بیٹیوں کا فریضہ کیسے سرانجام دیں ان والدین کیلئے دھی رانی پروگرام کا آغاز کر کے وزیر اعلیٰ پنجاب نے شفیق بیٹی کا کردار ادا کیا، انہوں نے کہا وزیر اعلیٰ پنجاب کے دھی رانی پروگرام کو بین الاقوامی سطح پر بھی پذیرائی مل رہی ہے، جولائی میں دھی رانی کے تیسرے فیز کیلئے آن لائن پورٹل کا آغاز کر دیا جائے گا تاکہ لوگ گھر بیٹھے ہی رجسٹر ہو سکیں، پروگرام میں رجسٹریشن کے سلسلہ میں کسی قسم کی پریشانی کے حل کیلئے محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، دھی رانی پروگرام کو شفاف بنایا جا رہا ہے تاکہ جن وسائل پر آپکا حق ہیں انہیں آپ کی دہلیز تک پہنچایا جا سکے، صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے تقریب کا اختتام ''شکریہ مریم نواز'' کے الفاظ سے کیا، تقریب کے اختتام پر مفتی سہیل شوکت بٹ کشمیری نے خصوصی دعا کروائی۔

CamScanner

28/4/25

C.O

AD (Pub)

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر چوہدری عبدالرحمن

جلد | ہفتہ 27 شوال المکرم 1446ھ 26 اپریل 2025ء 13 بیساکھ 2082ب | صفحات 8 | قیمت 30 روپے | شمارہ




ساہیوال: دھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادیوں کی تقریب میں سہیل شوکت بٹ، قاسم ندیم، ولایت شاہ کھگہ، ریاض احمد، موتیا مسعود، شعیب اقبال، شاہد محمود کا جوڑوں کے ساتھ گروپ فوٹو

# ساہیوال، پاکپتن کے 80 جوڑوں کی اجتماعی شادی کی پروقار تقریب

ساہیوال (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے پروگرام "دھی رانی" کے دوسرے مرحلے میں ضلع ساہیوال اور پاکپتن کے 80 جوڑوں کی شادی کی پروقار تقریب کا انعقاد، صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ نے نوبیاہتا جوڑوں کو شادی کی مبارکباد اور دو لاکھ بائیس ہزار روپے سلامی دی۔ ساہیوال کے 50 اور ضلع پاک پتن کے 30 جوڑے شامل تھے۔ شادی کی تقریب میں ہر جوڑے کے 20 رشتہ دار بھی شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے نئے جوڑوں، انکے والدین کو مبارکباد دی۔

28/4/25
C.O
AD(Pub)

E-mail:ausafd@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف لاہور
DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 27 ہفتہ 27 شوال المکرم 1446ھ 26 اپریل 2025ء 14 بیساکھ 2082ب صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ: 169



اوکاڑہ، صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ اجتماعی شادیوں کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# دھی رانی پروگرام، مزید 50 جوڑے شادی کے بندھن میں بندھ گئے

## وزیراعلیٰ کی طرف سے نوبیاہتا جوڑوں کو 2 لاکھ 22 ہزار کے سلامی کارڈ دیئے گئے، تقریب میں ہر مکتبہ فکر کے افراد کی شرکت

### مریم نواز نے وعدہ ایفا کیا، 25 اکتوبر تا 26 اپریل مزید 5 ہزار دھی رانیوں کی شادی کروائی جائیگی، صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ

دیپالپور، بصیرپور، اوکاڑہ (نمائندگان اوصاف) وزیراعلیٰ پنجاب کے "پنجاب دھی رانی" پروگرام کے دوسرے مرحلے میں 50 اجتماعی جوڑوں کی اجتماعی شادی کی پروقار تقریب کا انعقاد تقریب میں صوبائی وزیر سماجی بہبود، بیت المال، ممبران صوبائی اسمبلی غلام رضا ربیرہ، چوہدری جاوید علاؤالدین سمیت ضلعی انتظامیہ کے افسران سول سوسائٹی، میڈیا نمائندگان اور نوبیاہتا جوڑوں کے والدین اور عزیز و اقارب کی کثیر تعداد بھی موجود تھی صوبائی وزیر سماجی بہبود و بیت المال سہیل شوکت بٹ نے صوبائی ممبران اسمبلی کے ہمراہ اوکاڑہ کی دھی رانیوں پر دست شفقت رکھتے ہوئے انہیں 2 لاکھ 22 ہزار روپے کے سلامی کارڈ دیے تقریب میں بہترین جھومر ڈانس کا مظاہرہ بھی پیش کیا گیا نوبیاہتا جوڑوں نے اجتماعی شادی کی پروقار تقریب کے انعقاد پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا پنجاب دھی رانی پروگرام اسلامی فلاحی ریاست کی عکاس ہے۔ صوبائی وزیر سماجی بہبود و بیت المال سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے احکامات پر پنجاب کی بیٹیوں کی شادی کا شرعی فریضہ سرانجام دیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

اوصاف | اجتماعی شادی | 30

جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب کی بیٹیوں کی شفیق ماں کا کردار ادا کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اوکاڑا کی دھی رانیوں سے کیا وعدہ پورا کر دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے بیٹیوں کے سر پر دست شفقت رکھ کر ودا کرنے آیا ہوں۔ دھی رانی پروگرام کو نیشنل اور انٹرنیشنل سطح پر پذیرائی مل رہی ہے۔ دھی رانی پروگرام سے متوسط گھرانوں کی پریشانی کمی واقع ہوئی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت عوامی فلاح و بہبود کے کئی پروگرام شروع کیے جا رہے ہیں پنجاب کے متوسط گھرانوں کی بیٹیوں کے خوابوں کی تعبیر پنجاب دھی رانی پروگرام سے منسوب ہوئی ہے۔ اکتوبر 25 سے اپریل 26 تک مزید 5 ہزار دھی رانیوں کی شادی کروائی جائے گی۔

28/4/25
C.O
AD (Pub)


بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں لاہور

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 34 | ہفتہ 27 شوال المکرم 1446ھ 26 اپریل 2025ء، 13 بیساکھ 2082 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 273


# پنجاب دھی رانی پروگرام، 90 مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادی

## وزیر اعلیٰ کا دھی رانی پروگرام کمزور طبقے کی خوشیوں کا ضامن بن چکا ہے: سہیل خان

بہاولنگر، چشتیاں (ڈسٹرکٹ رپورٹر، تحصیل رپورٹر، نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب کے فلاحی منصوبے "پنجاب دھی رانی پروگرام" کے تحت 90 مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی پروقار تقریب، بہاولنگر میں منعقد ہوئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کے ممبر صوبائی اسمبلی سہیل خان زاہد نے کہا کہ مستحق خاندانوں کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب

باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 23

### بقیہ نمبر 23 // دھی رانی پروگرام

مریم نواز کا فلاحی اقدام دھی رانی پروگرام قابل تحسین اور کمزور طبقے کی خوشیوں کا ضامن بن چکا ہے۔ اس موقع پر رکن پنجاب اسمبلی کاشف پنسوتہ نے بھی تقریب میں شرکت کی اور جوڑوں کو نیک تمناؤں کے ساتھ مبارکباد دی۔ ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کے تحت پروگرام کی نگرانی کی اور تمام انتظامات کا خود جائزہ لیا۔ تقریب میں ہر جوڑے کو دلہن کے جہیز، ضروری گھریلو اشیاء، تحائف اور مالی امداد فراہم کی گئی۔ نکاح کے بعد تمام مہمانوں اور جوڑوں کے لیے پرتکلف کھانے کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ظہور حسین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو جام آفتاب احمد، سی ای او ہیلتھ، سوشل ویلفیئر افسر، دیگر ضلعی افسران، معززین علاقہ، انجمن تاجران اور معزز شہریوں نے بھی شرکت کی۔